مئے گلرنگ تھا سادہ پانی بھی
ہائے کیا چیز تھی جوانی بھی

• اگر ہم نے اسلامی نظام کے نفاذ کا تہیہ کر لیا ہے تو اسے پورا کریں گے۔ (وزیر اعلیٰ پنجاب)

خواہ ہمیں پوری زندگی وزیر رہنا پڑے۔

• مضبوط فوج اور مرکز میں مضبوط سیاسی جماعت ملکی بقا کے لئے ضروری ہے۔ (جسٹس ریٹائرڈ شوکت علی)

آپ کے قیمتی اور زریں مشورے بھی بہت ضروری ہیں۔

• "کشمیریوں کو بھارت کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑیں گے۔" (نیاز۔ اے۔ نائک)

اس کام کے لئے بھارت کے بیس کروڑ مسلمان کافی ہیں۔

• "دھاندلیوں کے ثبوت اکٹھے کر لئے ہیں، اب خاموش نہیں رہوں گا۔" (ملک قاسم)

بولو۔ بولو۔ بڑا سنہری موقع ہے۔

• "اسلامی اتحاد پیپلز پارٹی کی یکطرفہ گاڑی نہیں چلنے دے گا۔" (محمد خاں جونیجو)

آپ راستہ صاف رکھیں۔ پیپلز پارٹی اپنی گاڑی دوطرفہ چلانے کو تیار ہے۔

• "وفاقی وزراء کا لب و لہجہ مناسب نہیں ہے۔" (غلام حیدر وائیں)

براہِ کرم آپ یہ فرمائیں کہ وزرائے کرام کی کونسی چیز مناسب ہے؟

• واپڈا ضائع شدہ گیسوں سے بجلی پیدا کرے گا۔ (ایک خبر)

"تاکہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ میں اضافہ کیا جا سکے۔

• کسی تقریب میں جائیں، لوگوں کی آوازیں کم اور چھری کانٹوں کی آوازیں زیادہ آتی ہیں۔
(وفاقی وزیر داخلہ کا اسلام آباد کے متعلق تاثر)

آنریبل وزیر توجہ سے سنیں تو چھری کانٹوں کی نسبت چمچوں کی آوازیں زیادہ آئیں گی۔

• انتخابی نتائج پر حیرت نہیں۔ کیونکہ عابد زاہد کا ووٹ ایک ہے اور ڈاکو لیٹرے کا بھی۔ (پیر صاحب پگارو)

اُن سے تو تنکا سا شعلوں سے منع کرتے تھے
اب پھر رہے ہو یوسف بے کارواں ہو کر

• اصل میں لوگوں نے ہمارے منشور کا مطالعہ نہیں کیا ورنہ انتخابی نتائج مختلف ہوتے۔ (بیگم مختار رضا تحریک استقلال)

واجاں ماریاں بلایا کئی وار وے تے کسے نے میری گل نہ سنی .... گل نہ سنی